ہیں۔امید ہے اہل ذوق ضرور اعتناء فرمائیں گے۔

تسہیل الشاشی علی اصول الشاشی

مولف: ابومحمد فضل محمد۔ صفحات: 330، طباعت: مناسب۔

ملنے کا پتا: دارالعلوم نعمانیہ، جامع مسجد نعمان، محلّہ گلاب خانہ نمک منڈی، پشاور، فون 0334-6855412۔

اصول الشاشی اصول فقہ کی ابتدائی کتب میں سے اہم کتاب ہے۔اس کتاب کو صحیح انداز میں سمجھ کر پڑھ لیا جائے تو اصول میں آیندہ کی کتابیں سمجھنا سہل ہو جاتا ہے۔مولانا ابومحمد فضل محمد زید مجدہم نے طلبہ کی سہولت کی خاطر اردو میں اس کا ترجمہ وتشریح کی ہے، اگرچہ اصول الشاشی کی دیگر شروحات بھی دستیاب ہیں مگر ہر استاذ کا اندازِ تفہیم جدا ہوتا ہے۔اس لیے کل جدید لذیذ کے مصداق اس کتاب کی ترتیب واسلوب میں ندرت پائی جاتی ہے...... باقی ''کے پی کے'' کے اہل علم کے ہاں اردو زبان کی تانیث وتذکرہ کا معاملہ ہمیشہ لاینحل رہے گا۔اس پر ملال کرنے کی چنداں ضرورت نہیں۔

جامع النحو شرح ہدایۃ النحو

تالیف: ابوسفیان مولوی غلام فرید۔ صفحات 360۔ طباعت: مناسب۔ قیمت: لکھی نہیں۔ ملنے کا پتا: مکتبہ عمر بن خطاب ملتان۔ فون: 061.6775251

ہدایۃ النحو درس نظامی میں شامل علم نحو کی اہم کلیدی کتاب ہے۔جناب ابوسفیان مولوی غلام فرید صاحب نے اس کی اردو شرح لکھی ہے۔ہدایۃ النحو کی دیگر شروحات بھی بازار کتب میں دستیاب ہیں۔مذکورہ کتاب کی جو خصوصیات بیان کی گئی ہیں ان میں:......متن کی عبارت پر مکمل اعراب ،لفظی اور بامحاورہ ترجمہ،ضروری مقامات کی نحوی صرفی ترکیب،اشعار کا ترجمہ شامل ہیں۔کتاب کے آغاز میں حضرت مولانا محمد یٰسین صابر مدظلہم،حضرت مولانا مفتی محمد حسن مدظلہم،اور حضرت مولانا زاہدالراشدی مدظلہم کی تقریظات شامل ہیں۔حضرت مفتی محمد حسن صاحب اپنی تقریظ میں فرماتے ہیں: ''ہمارے مخلص بھائی نے بڑی محبت اور محنت سے دینی مدارس میں پڑھائی جانے والی علم النحو کی معروف کتاب ہدایۃ النحو کی بڑی عمدہ شرح مرتب فرمائی ہے ،اللہ تعالیٰ اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے،آمین!''

☆☆☆